رول نمبر:_____	**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ** **کنزالمدارس بورڈ پاکستان**	KANZUL MADARIS BOARD
جوابی کاپی نمبر:_____	درجہ: **عامہ سال دوم** پرچہ: **چوتھا** مضمون: **الصرف** تاریخ: **15-02-2024** دن: **جمعرات** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**	

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: علم صرف کو علم صرف کیوں کہتے ہیں؟

سوال نمبر 2: جامد کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: فعل لازم کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: فعل ماضی بعید کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: کسی بھی مصدر سے فعل نفی جحد بلم معروف کی گردان کے ابتدائی تین صیغے (اعراب کے ساتھ) تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: فعل نہی معروف بنانے کا طریقہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: اسم مبالغہ کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: ثلاثی مجرد سے اسم ظرف کون کون سے وزن پر آتا ہے؟

سوال نمبر 9: جس فعل میں بیماری کا معنی پایا جائے تو ثلاثی مجرد سے اس کا مصدر عموما کس وزن پر آتا ہے؟

سوال نمبر 10: الحاق کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: رباعی مزید فیہ کے کون کون سے ابواب آتے ہیں؟

سوال نمبر 12: غیر ثلاثی مجرد ابواب سے فعل ماضی مجہول بنانے کا طریقہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: "تَنَزَّلُ" میں کون سا قاعدہ استعمال ہوا ہے؟ قاعدہ نمبر بھی بتائیں اور اس کی وضاحت بھی کیجئے کہ قاعدہ کیا ہے؟

سوال نمبر 14: تخفیف کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 15: "یَوْعِدُ" سے "یَعِدُ" کیسے بنا؟

سوال نمبر 16: "کَیْنُوْنَةٌ" اصل میں کیا تھا اور کس قاعدہ کے تحت یہ "کَیْنُوْنَةٌ" بنا؟ قاعدہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: "قَوْلٌ" مصدر سے فعل امر حاضر معروف کی گردان تحریر کیجئے۔ (اعراب کی حاجت نہیں)

سوال نمبر 18: ثلاثی مجرد سے ناقص واوی کے کتنے اور کون کون سے ابواب استعمال ہوتے ہیں؟

سوال نمبر 19: "اَسْتَغْفَرْتَ" اصل میں کیا تھا اور کس تعلیل کے سبب ایسا بنا؟

سوال نمبر 20: قطع ماخذ کسے کہتے ہیں؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: حروف اصلیہ وزائدہ کی تعریف و پہچان کا طریقہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: کسی بھی مصدر سے فعل ماضی احتمالی منفی معروف کی گردان تحریر کیجئے۔ (ابتدائی تین صیغوں پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں نیز صیغہ بھی بتائیں)

سوال نمبر 3: باب "کَرُمَ یَکْرُمُ" سے صرف صغیر کی گردان تحریر کیجئے۔ (اعراب اس طرح لگائیے کہ ایک صیغہ، دوسرے صیغے سے جدا لگے)

سوال نمبر 4: "تصریف" مصدر سے صرف صغیر کی گردان تحریر کیجئے۔ (اعراب اس طرح لگائیے کہ ایک صیغہ، دوسرے صیغے سے جدا لگے)

سوال نمبر 5: ثلاثی مجرد اور مزید فیہ کے کتنے اور کون کون سے ابواب ہیں؟ تمام کے نام لکھئے اور ہر ایک کی ایک ایک مثال ذکر کیجئے۔